
ایسے اور کام سوچیے، کچھ جلدی ہونے والے اور کچھ دھیرے دھیرے ہونے والے۔ سیکنڈوں میں پورے ہونے والے۔

میرا پلک جھپکنا | میرا چٹکی بجانا | میرا دوا نگلنا



پھل کا پیڑ سے نیچے گرنا



| |
|---|
| مہینوں میں ہونے والے |
| گیہوں کی فصل کا بڑھنا محصل کا پڑھنا (بیج سے بڑے پودے تک) |
| گرمی سے سردی کا موسم آنا |





## لپکنے سے پہلے تالی بجاؤ؟

### اس کھیل کو کھیلیے



ایک پتھر کو ہوا میں اچھالیے۔ اس کو کیچ کرنے سے پہلے ایک بار تالی بجایئے۔

اب کیچ کرنے سے پہلے دو بار تالی بجانے کی کوشش کیجیے۔

اور زیادہ بار تالی بجانے کی کوشش کیجیے۔

پتھر کو کیچ کرنے سے پہلے آپ کتنی بار تالی بجا سکتے ہیں۔

### تا تھئی مختلف تالیاں

دو بار تالی بجایئے اور کہیے ۱، ۲

تالی بجاتے رہیے ۱، ۲، ۱، ۲، ۱، ۲

یا کہیے تا تھئی تا تھئی تا تھئی

اپنے پیروں کو بھی زمین پر ماریے۔ قدم تال کیجیے دائیں بائیں۔ دائیں بائیں، دائیں بائیں،...

آپ لوگوں میں سے کتنے ایک ساتھ بول اور قدم تال کر سکتے ہیں؟




### معلوم کیجیے

کیا آپ نے لوگوں کو تبلہ یا ڈرم بجاتے دیکھا ہے؟ ان کے ذریعے بجائی گئی مختلف تالیں معلوم کیجیے۔ ان سے پوچھیے ان تالوں کو بجاتے وقت وہ کیا بولتے ہیں۔


## ہماری عمر کیا ہے؟

اپنی نانی، اپنی ماں اور اپنی عمر کا پتہ لگائیے اور خالی جگہیں بھریئے۔




## پہیلی

عرفان کی ماں کی عمر عرفان سے دوگنی ہے۔
وہ عرفان سے ۲۰ سال بڑی بھی ہیں۔
عرفان اور اس کی ماں کی عمر کا اندازہ لگائیے۔



## پیدائش کی سند

سُدھا کی پیدائش کی سند دیکھیے

فارم نمبر ۵

گجرات کی حکومت

### پیدائش کی سند

یہ تصدیق کی جاتی ہے کہ یہ معلومات پیدائش کے اصل ریکارڈ سے لی گئی ہے جو کہ سال ۲۰۰۲ کے بالی سانہ پنچایت کے رجسٹر میں درج ہے۔

| | |
|---|---|
| نام: | سُدھا رمیش چندر پٹیل |
| جنس: | (عورت) |
| تاریخ پیدائش: | ۰۲/۰۵/۲۰۰۲ (دو مئی دو ہزار دو) |
| پیدائش کی جگہ: | کرشنا اسپتال |
| والد کا نام: | رمیش چندر پٹیل |
| والدہ کا نام: | بھارتی بہن پٹیل |
| رجسٹریشن کی تاریخ: | ۰۲/۰۵/۲۰۰۲ |
| رجسٹریشن نمبر: | ۸۱۵/۰۲ |

تاریخ ۲۰۰۲–۰۸–۰۵ جاری کرنے والے کا دستخط



۱- ۲/۵/۲۰۰۲ سے پتہ چلتا ہے کہ سُدھا کی پیدائش ۲ ________ کو سال ۲۰۰۲ میں ہوئی تھی۔

۲- ۲ مئی ۲۰۰۸ کو سُدھا کی عمر کتنی ہو جائے گی؟ ________

۳- سال ۲۰۵۲ میں اس کی عمر کیا ہو گی؟

۴- کس تاریخ کو وہ آٹھ سال کی ہو جائے گی۔ اعداد میں لکھیے۔ ________

۵- سُدھا ۲ اگست ۲۰۰۲ کو کتنے مہینے کی تھی؟ ________________

٦- اب سُدھا کی عمر کیا ہے؟________________

ے- پیدائش کے کتنے مہینے بعد سند ملی؟ ____________

٨- اس کی سند کا رجسٹریشن نمبر کیا ہے؟____________

## معلوم کیجیے

آپ کب پیدا ہوئے۔ ____________

اپنی تاریخ پیدائش کو اعداد میں لکھیے ____________

کیا آپ کے پاس پیدائش کی سند ہے؟ اپنے والدین سے پوچھیے اور اپنے لیے خود سند تیار کیجیے۔

فارم نمبر ____________

حکومت ____________

### پیدائش کی سند

یہ تصدیق کی جاتی ہے کہ یہ معلومات پیدائش کے اصل ریکارڈ سے لی گئی ہیں جو کہ ____________ سال کے ____________ کے رجسٹر میں درج ہے۔

نام

تاریخ پیدائش:

پیدائش کی جگہ:

والد کا نام:

والدہ کا نام:

رجسٹریشن کی تاریخ:

رجسٹریشن نمبر:

تاریخ:

جاری کرنے والے کے دستخط

# کیلنڈر ۲۰۱۸

## January جنوری

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ |
| ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ |
| ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ |
| ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ |
| ۲۸ | ۲۹ | ۳۰ | ۳۱ | | | |

## February فروری

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | ۱ | ۲ | ۳ |
| ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ |
| ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ |
| ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ |
| ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | | | |

## March مارچ

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | ۱ | ۲ | ۳ |
| ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ |
| ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ |
| ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ |
| ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | ۲۹ | ۳۰ | ۳۱ |

## April اپریل

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ |
| ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ |
| ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ |
| ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ |
| ۲۹ | ۳۰ | | | | | |

## May مئی

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ |
| ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ |
| ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ |
| ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ |
| ۲۷ | ۲۸ | ۲۹ | ۳۰ | ۳۱ | | |

## June جون

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | ۱ | ۲ |
| ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ |
| ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ |
| ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ |
| ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | ۲۹ | ۳۰ |

## July جولائی

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ |
| ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ |
| ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ |
| ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ |
| ۲۹ | ۳۰ | ۳۱ | | | | |

## August اگست

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ |
| ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ |
| ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ |
| ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ |
| ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | ۲۹ | ۳۰ | ۳۱ | |

## September ستمبر

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | ۱ |
| ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ |
| ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ |
| ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ |
| ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | ۲۹ |
| ۳۰ | | | | | | |

## October اکتوبر

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ |
| ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ |
| ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ |
| ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ |
| ۲۸ | ۲۹ | ۳۰ | ۳۱ | | | |

## November نومبر

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | ۱ | ۲ | ۳ |
| ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ |
| ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ |
| ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ |
| ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | ۲۹ | ۳۰ | |


## December دسمبر

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | ۱ |
| ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ |
| ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ |
| ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ |
| ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | ۲۹ |
| ۳۰ | ۳۱ | | | | | |

# کیلنڈر

چلیے ذرا ۲۰۱۸ کا کیلنڈر دیکھتے ہیں

* ایک سال میں کتنے مہینے ہوتے ہیں؟ ____________
* ان مہینوں کے ناموں کی فہرست بنایئے۔ جن میں ۳۰ دن ہوتے ہیں۔ ____________
* ان مہینوں کی فہرست بنایئے جن میں ۳۱ دن ہوتے ہیں۔؟ ____________
* فروری کے مہینے میں کتنے دن ہوتے ہیں؟ ____________
* ایک ہفتہ میں کتنے دن ہوتے ہیں؟ ____________
* جولائی میں کتنے ہفتے ہیں؟ ______ کیا یہ سبھی مہینوں کے لیے درست ہے؟ ______
* آپ تیسری کلاس میں کون سے مہینہ میں آئے تھے؟ ______
* کیلنڈر میں ان تاریخوں پر دائرہ بنایئے۔



۲۶/جنوری

۱۴/نومبر

۳۱/دسمبر

کیا ان تاریخوں میں کوئی خاص بات ہے؟

خالی جگہوں میں درست سال بھریئے

۲۰۱۷, ۲۰۲۰, ۲۰۱۹, ۲۰۱۶, ۲۰۲۱, ۲۰۲۲

۱ - دو سال پہلے کون سا سال تھا؟ ______

۲ - آپ دوسری کلاس میں کون سے سال میں تھے؟ ______

۳ - اگلے سال کون سا سال ہوگا؟ ______

۴ - تین سال بعد کون سا سال ہوگا۔؟ ______

یہ سبق طلبہ کو دیکھنے، سمجھنے کے لیے حوصلہ افزائی کرتا ہے تا کہ وہ مختلف سماجی حالات میں دیکھ سکیں کہ وقت ان کی اپنی زندگی کے الگ الگ حوالوں سے کیسے گذرتا ہے۔ یہ ضروری ہے کہ ان میں سیکنڈ، منٹ، گھنٹوں، مہینوں وغیرہ کا اندازہ لگانے کی صلاحیت بڑھ جائے کہ ان میں وقت کا پتہ لگانے کے لیے آلہ کا سہارا لیں۔ یہ سبق بچوں کے کچھ دل چسپ مشاغل کے ذریعے گھڑی اور کیلنڈر کا استعمال کرنا بھی بتاتا ہے۔ ٹیچر ایسی ہی کئی اور مشقیں کرواسکتے ہیں جو اعداد کے پیٹرن اور تشاکل سے جڑے ہوں۔

## پہلے کون سا تہوار آتا ہے؟

سال بھر میں منائے جانے والے کچھ تہوار یہاں دیئے گئے ہیں۔ ذرا کیلنڈر ۲۰۱۸ کو دیکھیے اور معلوم کیجیے کہ یہ تہوار کس دن پڑیں گے۔

| تہوار کا نام | تاریخ | دن |
|---|---|---|
| دیوالی | ۷/ نومبر | |
| پونگل | ۱۴/ جنوری | |
| رکشا بندھن | ۲۶/ اگست | |
| گاندھی جینتی | ۲/ اکتوبر | |
| میلاد النبی | ۲۱/ نومبر | |
| اونم | ۲۵/ اگست | |
| گرونانک جینتی | ۲۳/ نومبر | |
| گرو روی داس جینتی | ۳۱/ جنوری | |
| کرسمس | ۲۵/ دسمبر | |
| بیہو | ۱۵/ اپریل | |

* ان تہواروں کو اس ترتیب سے رکھیے جس ترتیب سے وہ سال میں آتے ہیں۔

۱. ______ ۶. ______
۲. ______ ۷. ______
۳. ______ ۸. ______
۴. ______ ۹. ______
۵. ______ ۱۰. ______

* کون سا تہوار سال کے شروع میں آتا ہے؟

______

* کون سا تہوار سال کے آخر میں آتا ہے؟

______

# کیلنڈر کا جادو



یہ رہا فروری ۲۰۱۹ کا کیلنڈر۔
چلیے اس کیلنڈر میں ایک مربع بناتے ہیں اور کچھ جادو دیکھتے ہیں۔

فروری ۲۰۱۹

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | ۱ | ۲ |
| ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ |
| ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ |
| ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ |
| ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | | |

مربع کے بیچ میں کون سا عدد ہے؟ ________

| | | |
|---|---|---|
| ۵ | ۶ | ۷ |
| ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ |
| ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ |

ایک لائن بنا کر تینوں اعداد کو ملائیے۔ یہ لائن بیچ والے عدد سے ضرور گزرنی چاہیے۔

ایسی کتنی لائنیں آپ بنا سکتے ہیں؟

ہر لائن پر پڑنے والے تینوں اعداد کو جوڑیے۔

آپ نے کیا خاص بات دیکھی؟



۵+۱۳+۲۱=

۶+۱۳+۲۰=

۱۹+۱۳+۷=

۱۲+۱۳+۱۴=

* اب ۲۰۱۹ کا کیلنڈر دیکھیے۔ ابھی جو مہینہ چل رہا ہے اس مہینے کا کیلنڈر بھی دیکھیے اور ایسا ہی ایک مربع اپنی کاپی میں بنائیے۔ کیا ان کے لیے بھی یہ جادو کام کرے گا؟
* کیا یہ جادو ایک ۱۰×۱۰ والے عددی چارٹ پر بنانا ممکن ہے؟ ایک بار پھر ’’اعداد کا کھیل‘‘ والا سبق دیکھیے اور اس کی جانچ کیجیے۔

# کچھ اور جادو!

مارچ ۲۰۱۹

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | ۱ | ۲ |
| ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ |
| ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ |
| ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ |
| ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | ۲۹ | ۳۰ |
| ۳۱ | | | | | | |

















دیکھو کیا یہ جادو ایسی اور دوسری لائنوں کے لیے بھی کارآمد ہے جس میں پانچ اعداد ہیں۔ ترچھی لائن والے پانچ اعداد کے بارے میں کیا خیال ہے؟ ان اعداد کو جمع کریں تو کیا ہوگا؟ اس ترکیب کو اپنے دوستوں اور گھر والوں کے ساتھ کر کے ان کو حیران کر دیجیے۔ کیا آپ کو اس کیلنڈر میں جادو کے کچھ پیٹرن نظر آ رہے ہیں؟

## اگست ۲۰۱۸ کے کیلنڈر کو مکمل کیجیے




| اتوار | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ | سنیچر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | ۱ | | ۳ | |
| | | ۷ | | | | |
| | | | | | | ۱۸ |
| | | | | | ۲۴ | |
| | | | | | | |

تمام اتوار کو لال رنگ سے۔

یہ مہینہ کون سے دن پر ختم ہوگا؟ ________

اس مہینہ میں دنوں کی تعداد لکھیے؟ ________

۱۳ ؍اگست کو کون سا دن ہوگا؟ ________

مہینہ کے دوسرے سنیچر کو کون سی تاریخ ہوگی؟ ________

کیا ۲۱ تاریخ کو اتوار ہے؟ ________

۲۹ تاریخ کو کیا دن ہوگا؟ اگلے ہفتہ اسی دن کون سی تاریخ ہوگی؟ ________

اس مہینے میں کتنے جمعرات ہیں؟ ________

### معلوم کیجیے

کیلنڈر (۲۰۱۸) کے کون سے مہینے میں ۵ اتوار ہوں گے۔

کیا ایسا کوئی اور بھی دن ہے جو کسی بھی مہینہ میں ۶ بار آیا ہے؟

کیا کسی بھی مہینہ میں ۶ اتوار ہیں؟ کیوں؟

چل رہے مہینے کے لیے اور دوسرے مہینوں کے لیے بھی ایسے ہی دوسرے سوالات کیجیے۔ طلبا کو کیلنڈر کے اور دوسرے پیٹرن معلوم کرنے کے لیے حوصلہ افزائی کیجیے۔



## پیڈ کی دیوی کی سچی کہانی

### میرے وقت کی لائن: (میرا خط وقت)

میرا نام پیڈ کی دیوی ہے۔ میں ضلع دھنباد (جھارکھند) کے ایک گاؤں میں رہتی ہوں۔ مجھے کبھی اسکول جانے کا موقع نہیں ملا۔ مجھے یاد ہے جب میں ۵ سال کی تھی تو میرا پیر ٹوٹ گیا تھا۔ میں جامن کھانے اس کے پیڑ پر چڑھ رہی تھی مگر شاخ ٹوٹی اور میں گر گئی۔ ابھی بھی سردیوں میں میرے پیر میں تکلیف ہوتی ہے۔

اپنی بکریاں چراتے وقت ہم اکثر کھیل کھیلتے رہتے تھے۔ ایک بار جب میں ۱۰ سال کی تھی تو مجھے بہت ڈانٹ پڑی۔ مجھ سے ایک بکری گم ہوگئی تھی!۔ ۱۵ سال کی عمر میں میری شادی ہوگئی۔ میرے شوہر مجھ سے کافی بڑے تھے۔ میری شادی کے تین سال بعد میری پہلی بیٹی پیدا ہوئی۔ اس کے بعد میں میرے تین اور بچے ہوئے۔ اس وقت میری عمر ۲۰ ,۲۲ اور ۲۴ سال کی تھی۔

اس کے بعد وقت بہت تیزی سے گذرا۔ میں اپنے کھیت، گھر کے کام اور بچوں کی دیکھ بھال میں لگی ہوئی تھی۔ لیکن ۳۵ سال کی عمر میں تھی تو میری دنیا رک سی گئی۔ میرے شوہر کا بیماری کے بعد انتقال ہوگیا۔ ان کے بھائی ہمارے کھیت ہم سے چھیننا چاہتے تھے۔ انہوں نے مجھے بری طرح مارا اور کہا کہ میں ایک ڈائن ہوں۔ کچھ اچھے لوگوں نے میری جان بچائی۔ جن لوگوں نے مجھے مارا تھا میں نے ان کے خلاف مقدمہ لڑا۔ ۴۰ سال کی عمر میں، میں نے پہلی بار پولیس اسٹیشن دیکھا۔ ۴۵ سال کی عمر میں، میں نے پڑھنا لکھنا سیکھا۔ دو سال بعد میں نے اپنی بڑی لڑکی کی شادی کر دی۔ اب میں ۵۰ سال کی ہوں۔ میں نے اپنے ناتی کے ساتھ کھیلنا پسند کرتی ہوں۔ میرے دو بچے اسکول میں پڑھ رہے ہیں۔

کچھ چیزیں جو پیڈ کی دیوی کی زندگی میں ہوئیں وہ یہاں نیچے دی گئی ہیں۔
انھیں ان کے خطِ وقت پر بنایئے۔ مثال کے طور پر جب پیڈ کی ۵ سال کی تھی تو اس نے اپنا پیر توڑ لیا۔
تو ہم خطِ وقت پر ۵ پر (الف) کا نشان لگائیں گے۔

(الف) پیر ٹوٹ گیا۔

(ب) ایک بکری کھوگئی۔

(ج) شادی ہوئی۔

(د) بچہ پیدا ہوا۔

(ہ) پہلی بار پولیس اسٹیشن دیکھا۔

(و) پڑھنا اور لکھنا سیکھا۔

(ز) سب سے بڑی بیٹی کی شادی ہوئی۔

الف

۵ ۱۰ ۲۰ ۳۰ ۴۰ ۵۰

عمر سالوں میں




* خط وقت پر نشان لگایئے کہ ان کی پیدائش کب ہوئی۔
* جب وہ پیدا ہوئی اس وقت وہ کیسے لگتی ہوگی۔ خالی باکس میں پیڈ کی کی تصویر بنایئے۔
* آپ اپنے لیے خط وقت بنایئے۔ اپنے آس پاس کے لوگوں سے پوچھیے اور کم از کم ایک واقعہ کی نشاندہی کیجیے کہ ہر سال آپ کی زندگی میں کیا واقع ہوا۔

۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰

عمر سالوں میں


* آپ کو جو لوگ اچھے لگتے ہیں ان کے لیے خط وقت بنایئے۔ ان میں آپ کے گھر کے لوگ، دوست اور استاد وغیرہ ہو سکتے ہیں۔

# کُسُم کی زندگی کا ایک دن




آیئے دیکھتے ہیں کہ کُسُم روزانہ کیا کرتی ہے۔

ہر تصویر کے لیے وقت لکھیے۔ کچھ تصاویر کے لیے وقت پہلے ہی لکھا ہوا ہے۔ آپ کو صرف گھڑی میں سوئیاں بنانی ہیں اور دوسری تصویروں میں آپ کو گھڑی میں دکھایا گیا وقت لکھنا ہے۔



کسم صبح سویرے اٹھتی ہے۔





وہ کنویں سے پانی بھر کر لاتی ہے۔



صبح ۶:۳۰ بجے



وہ اپنے گھر کی صفائی کرتی ہے۔





وہ اسکول جاتی ہے۔



آٹھ بجے




وہ اسکول میں پڑھتی ہے۔





وہ اسکول سے واپس آتی ہے۔



دوپہر ایک بجے



وہ بھائی اور دادی کے
ساتھ دوپہر کا کھانا کھاتی ہے۔





وہ اپنے دوستوں کے ساتھ کھیلتی ہے۔



۵:۳۰ بجے شام کو



سونے سے پہلے وہ اپنی
دادی سے کہانی سنتی ہے۔



۹:۰۰ بجے رات کو

اب آپ ایک چارٹ بنائیے جس میں آپ لکھئے کہ آپ صبح سے شام تک کیا کیا کرتے ہیں۔

دن کا وقت

| الفاظ میں | گھڑی میں دکھائیے | اس وقت آپ کیا کرتے ہیں؟ |
| --- | --- | --- |
| |  | |
| |  | |
| |  | |
| |  | |
| |  | |
| |  | |
| |  | |

4311CH08

# ۸ کون بھاری ہے؟

## گڑ اور مونگ پھلی

شبنم کو گڑ اور مونگ پھلی کھانا بہت اچھا لگتا تھا۔ ایک دن اس نے ایک کلوگرام گڑ اور ایک کلوگرام مونگ پھلیاں خریدیں۔ (آپ جانتے ہیں کہ کلوگرام کو کلو بھی لکھتے ہیں۔)




* کیا واقعی مونگ پھلیاں گڑ سے وزن میں زیادہ ہیں یا صرف زیادہ نظر آرہی ہیں۔




(۱) ا کلوگرام مکا کی کھیلیں (پوپ کارن) یا 1 کلوگرام شکر؟

(۲) ا کلوگرام مٹر یا 1 کلوگرام آلو؟

بازار جائیے اور دیکھیے کہ آپ کا اندازہ کتنا درست ہے۔

# کدو اور ٹماٹر کا پنگا


یہ کھیل کا ایک میدان ہے جہاں روزانہ ٹماٹر کھیلنے آتے ہیں۔ ان کو سی۔سا جھولے پر کھیلنا بہت اچھا لگتا ہے۔ایک دن جب وہ کھیل رہے تھے تو ایک بڑا سا کدو آیا اور سی۔سا کے ایک کنارے پر بیٹھ گیا۔ جب وہ بہت دیر تک نہیں اٹھا تو ٹماٹروں نے مل کر طے کیا کہ ہم دوسری طرف بیٹھ جاتے ہیں اور کدو کو اوپر اٹھاتے ہیں تا کہ وہ گر جائے۔

چھوٹے ٹماٹروں نے کود کود کر دوسری طرف بیٹھنا شروع کر دیا۔


ارے! کدو تو ابھی تک دوسری طرف بیٹھا ہوا ہنس رہا ہے۔

اب بڑے ٹماٹروں نے سوچا چھوٹے ٹماٹروں کی مدد کرنی چاہیے۔ چھوٹے ٹماٹر نیچے اتر آئے اور بڑے ٹماٹروں کے لیے جگہ خالی کر دی۔

۱، ۲، ۳، ۴، ۵، .......... ۲۰



واہ! کدو تو اوپر ہوا میں ہو گیا۔ وہ چیخا مجھے نیچے اتارو۔ مجھے نیچے اتارو۔




عام بول چال کی زبان میں 'پنگا' لفظ کسی جھگڑے یا مصیبت کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔اس لفظ کو جان بوجھ کر اس لئے رکھا گیا ہے کیونکہ کچھ ایسے الفاظ کو بولنے میں بچوں کو مزا آتا ہے۔


* آپ کے حساب سے کتنے چھوٹے ٹماٹر مل کر کدو کو اوپر اٹھا پائیں گے؟




- دس
- بیس
- چالیس

* کتنے بڑے آم مل کر کدّو کے برابر ہو سکتے ہیں؟






* سی۔سا پر کتنے کدو مل کر آپ کے برابر ہو سکتے ہیں؟
* اپنی کلاس کے کچھ ایسے بچوں کے نام بتائیے جن کے لیے آپ سمجھتے ہوں کہ ان کا وزن

(الف) تقریباً آپ کے برابر ہے۔

________________

(ب) آپ سے زیادہ ہے۔

________________

(ج) آپ سے کم ہے۔

________________

* آپ اپنے ایک ہاتھ کو سیدھا رکھتے ہوئے اس سے کتنی کتابیں اٹھا سکتے ہیں؟

## اس کے وزن کا دوگنا

بھارتی کے ماں باپ یوم آزادی کو بالکل الگ انداز سے مناتے ہیں کیونکہ بھارتی اسی دن پیدا ہوئی تھی۔ اس لیے وہ بھارتی کے وزن سے دوگنی مٹھائی خرید کر غریبوں میں بانٹتے ہیں۔

جب بھارتی پیدا ہوئی تو اس کا وزن ۳ کلوگرام تھا۔ آج یوم آزادی ہے اور بھارتی ۵ سال کی ہوگئی ہے۔ اس کا وزن



اب ۲۸ کلوگرام ہے۔

اب اندازہ لگایئے کہ اس کے ماں باپ ہر یوم آزادی پر کتنے کلوگرام مٹھائیاں بانٹتے ہیں۔


| بھارتی کی عمر | بھارتی کا وزن | مٹھائی کی مقدار |
|---|---|---|
| پیدائش کے وقت | ۳ کلوگرام | ۲×۳=۶ کلوگرام |
| ایک سال | ۹ کلوگرام | ________ |
| دو سال | ________ | ۲×۱۳=۲۶ کلوگرام |
| تین سال | ۱۷ کلوگرام | ________ |
| چار سال | ________ | ________ |
| پانچ سال | ۲۸ کلو | ________ |

اپنے والدین سے پوچھیے کہ ۲ سال یا ۴ سال کے بچے کا کتنا وزن ہوتا ہے؟



# یم۔یم چاول

شگفتہ نے ریڈیو پر ایک نئے طرح کے پکوان کے بارے میں سنا۔ وہ اس کو بنانا چاہتا ہے۔ جب اس نے اس چیز کے بنانے کا طریقہ لکھنا چاہا تب وہ چکر میں پڑ گیا۔ اس نے جو کچھ لکھا وہ کچھ اس طرح تھا۔



(۱) کوکر میں **۲ چمچ** پانی ڈالیے

(۲) پانی کو ابالیے اور اس میں ڈالیے

– **چٹکی** بھر دال

– **آدھا کلوگرام** لال پسی مرچ

– **1 پیالہ** نمک

(۳) اب **ایک چمچ** چاول ڈالیے

(۴) **۲** مٹر اور **۸ گلاس** سرسوں کے دانے ڈالیے

(۵) آخر میں **۱ کلو** پیاز ڈالیے

سب کو ملائیے اور ۱۵ منٹ تک ابالیے

لیکن شگو تو کو محسوس ہو رہا تھا کہ ہر چیز کی مقدار بہت زیادہ گڑبڑ ہے۔!!!

* اس کی مدد کیجیے تا کہ کھچڑی بنانے کے لیے وہ چیزوں کی صحیح مقدار ملا سکے۔




| | |
|---|---|
| چاول | **۱ کلوگرام** |
| دال | **آدھا کلوگرام** |
| مٹر | ________ |
| پانی | ________ |
| پیاز | ________ |
| نمک | ________ |
| سرسوں کے دانے | ________ |
| لال پسی مرچ | ________ |

## سرگرمی کا وقت


(الف) آپ کے گھر میں جو چیزیں بازار سے خرید کر لائی جاتی ہیں ان کی ایک فہرست بنایئے۔ معلوم کیجیے کہ ہر چیز کی کتنی مقدار ایک بار میں خریدی جاتی ہے۔ یہ چیزیں چاول، تیل، پسی مرچ، چینی، دودھ، پیاز، ادرک، وغیرہ ہو سکتی ہیں۔

| چیزوں کے نام | کتنی مقدار میں خریدی جاسکتی ہیں |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |


(ب) درج ذیل چیزوں کا اندازہ لگایئے اور ملان کیجئے۔




(ج)



اندازہ لگایئے کہ درج ذیل میں کون سی چیز کا وزن ١ کلوگرام سے زیادہ ہے؟ اور کون سی چیز کا وزن ١ کلوگرام سے کم ہے؟



(١) آپ کے اسکول کا بستہ

(٢) جیومیٹری باکس


(٣) ایک اینٹ

(٤) ایک بڑا کدو

(٥) آپ کی چپل

اپنی کلاس میں 1 کلو کا باٹ اور ترازو لے جایئے۔ تول کر دیکھیے کہ کیا آپ کا اندازہ درست ہے؟

(د) ترازو کے استعمال سے معلوم کیجیے کہ درج ذیل میں سے کون سی چیز زیادہ بھاری ہے۔



(۱) پانی کی ایک بوتل یا ایک کرکٹ کی بال

(۲) آپ کے جوتے یا پنسل باکس

(۳) آپ کی ریاضی کی کتاب یا گجراتی کی کتاب

(۴) آپ کا بستہ یا آپ کے دوست کا بستہ

* ایک کلو مٹی یا ریت تولیے۔ اس کو دو برابر حصوں میں بانٹ کر دو تھیلوں میں بھریئے۔ ترازو سے تول کر دیکھیے کہ کیا دونوں تھیلوں کا وزن برابر ہے۔



ہر مٹی کی تھیلی میں آدھا کلو گرام وزن ہے۔ اس کا استعمال کر کے اپنے ارد گرد کی اور دوسری چیزوں کا وزن کیجیے۔

* ایک فہرست بنائیے۔

(۱) آدھا کلوگرام سے کم وزن والی چیزوں کی۔

(۲) آدھا کلوگرام سے زیادہ وزن والی چیزوں کی۔

الگ الگ سرگرمیوں سے بچوں کو ان چیزوں کے وزن کا اندازہ لگانے میں مدد ملے گی جنہیں کہ وہ اپنے گھر یا کرائے کی دوکان پر دیکھتے ہیں۔ جانوروں کے وزن کا اندازہ لگانا ایک دلچسپ سرگرمی ہو سکتی ہے جس سے کہ انہیں زیادہ بھاری چیزوں کا بھی احساس ہوگا۔ استاد کلاس میں ایک ترازو ضرور لے کر آئے اور سبھی بچوں کو خود تول کر دیکھنے کا موقع دے۔

## باٹ اور ترازو کو دیکھیے

اپنے گھر کے قریبی سبزی والے، کباڑی والے اور پرچون والے کی دوکان پر ہوکر آئیے۔ دھیان سے دیکھئے کہ وہ کسی طرح کے باٹ کا استعمال کرتے ہیں۔ پتہ لگائیے۔


(۱) کون سب سے بڑے باٹ کا استعمال کرتا ہے؟

(۲) کون سب سے چھوٹے باٹ کا استعمال کرتا ہے؟

کیا آپ نے کبھی ایسے ترازو دیکھے ہیں؟











درج ذیل قسم کے باٹ آپ نے کون سی دوکان میں دیکھے ہیں۔



4311CH09

# ۹ کتنی بار؟

## پیروں والے جانور



یہاں ۵ بکریاں ہیں۔

ان سبھی کے ملا کر کتنے پیر ہوں گے؟

۲۰ = ۴ + ۴ + ۴ + ۴ + ۴

۵ بار ۴ برابر ۲۰ ہوتا ہے

یا ۲۰ = ۴ × ۵



یہاں کتنی مکڑیاں ہیں؟

ایک مکڑی کے ______ پیر ہوتے ہیں۔

سبھی مکڑیوں کے پیر ملا کر ______ ۳ گُنا۔

یا ______ = ☐ + ☐ + ☐

یا ______ = ______ × ۳



کیا آپ ڈھیر سارے پیروں والے ان حضرت کو جانتے ہیں؟

یہ ایک آکٹوپس ہے؟ یہ سمندر میں رہتا ہے۔

اس کے بھی آٹھ پیر ہوتے ہیں۔ ۵ آکٹوپس کے کل کتنے پیر ہوں گے؟

+ ☐ + ☐ + ☐ + ☐ + ☐ + ☐ + ☐ = ______


یا ۵ گنا ______ = ______

یا ۵ × ______ = ______



آؤ ملاؤ۔ ہاتھ، ہاتھ،..................

بنا گنے عدد معلوم کیجیے۔




اس باغیچہ میں کتنے پھول ہیں؟

یہاں ۴ کھڑی کیاریاں ہیں۔ ہر کیاری میں ٦ پھول ہیں۔

اس لیے اس باغیچہ میں ٦ کے ۴ گُنا پھول ہیں۔

٦+٦+٦+٦=٢۴


یا ۴×٦=٢۴



آیئے ایک اور طریقے سے کرتے ہیں۔ اس باغیچہ میں ٦ قطاریں ہیں۔ ہر قطار میں ۴ پھول ہیں۔ کل ملا کر اس باغیچہ میں ۴ کے ٦ گُنا پھول ہیں۔


۴+۴+۴+۴+۴+۴=٢۴

یا ٦×۴=٢۴



اسی طرح بتایئے یہ کل کتنی بوتلیں ہیں؟

_____ گُنا _____ = _______ بوتلیں۔



کتنے انڈے ہیں؟

_____ گُنا _______ = انڈے

## مشق کا وقت



(الف) + کے نشان کو استعمال کر کے دوبارہ لکھیے

۵ × ۲ برابر ہے ۲ کا ۵ گُنا یا ۵+۵

۱۸ × ۴ برابر ہے ____ کا ۴ گُنا یا ____ + ____ + ____ + ____

۲۰ × ۳ برابر ہے ____ کا ۳ گُنا یا ____ + ____ + ____

۹ × ۸ برابر ہے ____ کا ۹ گُنا یا ____ + ____ + ____ +

____ + ____ + ____ + ____ + ____ + ____

(ب) بتائیے کہ یہ کتنی بار ہے!

| | | |
|---|---|---|
| ۹+۹+۹+۹+۹+۹ | = ٦×۹ | = ۵۴ |
| ۴+۴+۴+۴+۴ | = ۵×۴ | = ۲۰ |
| ۸+۸+۸ | = ____ × ۸ | = ____ |
| ۳+۳+۳+۳+۳ | = 5 × ____ | = ____ |
| ۳۰+۳۰+۳۰ | = ____ × ____ | = ____ |
| ۷+۷+۷+۷+۷+۷ | = ____ × ____ | = ____ |
| ۱۲+۱۲+۱۲+۱۲ | = ____ × ۱۲ | = ____ |
| ٦+٦+٦ | = ____ × ____ | = ____ |
| ۱۰+۱۰+۱۰+۱۰ | = ____ × ____ | = ____ |
| ۲+۲+۲+۲+۲ | = ____ × ____ | = ____ |
| ٦+٦+٦+٦+٦+٦+٦ | = ____ × ____ | = ____ |



(ج) راموں نے بسکٹ کے ۴ پیکٹ خریدے۔ ہر پیکٹ میں ۴ بسکٹ ہیں۔
بتائیے راموں نے کل کتنے بسکٹ خریدے؟




(د) کلاس میں ۱۲ ڈیسک ہیں۔ ہر ڈیسک کے چار پیر ہیں۔ بتائیے
کلاس میں ڈیسکوں کے کل کتنے پیر ہیں؟



(ہ) صبیحہ نے گھر کے لیے پھولوں کے ۳ گلدستے خریدے۔
ہر گلدستے میں ۴ پھول ہیں۔ بتائیے کل کتنے پھول ہوں گے؟

(و) ایک ریل کے ڈبے کے ۸ پہیے ہوتے ہیں۔ بتائیے ۶ ڈبوں میں کل
کتنے پہیے ہوں گے؟



جب بچے عبارتی سوال حل کریں تو ان سے بات ضرور کرنی چاہئے کہ وہ کس طرح اپنے جوابات تک پہنچے۔ صرف صحیح جواب نہیں، عمل اہم ہے اس سے بچوں میں ضرب کے تصور کی سمجھ پیدا ہوگی۔


## ۲ کا کتنا گُنا؟



| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ گُنا ۲ | ۲ ہے | یا | ۱ × ۲ = ۲ |
| ۲ گُنا ۲ | ۴ ہے | یا | ۲ × ۲ = ۴ |
| ۳ گُنا ۲ | ۶ ہے | یا | ۳ × ۲ = ۶ |
| ۴ گُنا ۲ | ___ ہے | یا | ۴ × ۲ = ___ |
| ۵ گُنا ۲ | ___ ہے | یا | ۵ × ۲ = ___ |
| ۶ گُنا ۲ | ___ ہے | یا | ۶ × ۲ = ___ |
| ___ گُنا ۲ | ___ ہے | یا | ___ × ۲ = ___ |
| ___ گُنا ___ | ___ ہے | یا | ۸ × ۲ = ___ |
| ___ گُنا ___ | ___ ہے | یا | ۹ × ۲ = ___ |
| ___ گُنا ___ | ___ ہے | یا | ۱۰ × ۲ = ___ |

## میرے ساتھ کودیے

ٹڑّو مینڈک ہر چھلانگ میں ۳ قدم کوُدتا ہے۔
ٹڑّو کون کون سے عدد پر کوُدتا ہوا جائے گا؟



۱×۳

۲×۳

۳×۳

۴×۳

۵×۳

۶×۳

۷×۳

۸×۳

۹×۳

۱۰×۳

۱۱×۳


۱۲×۳

۱۳×۳


۱۴×۳

۱۵×۳

## چار چار قدم کی چھلانگ دکھایئے



## سات قدموں کی چھلانگ دکھایئے



۱×۷

۲×۷

۳×۷

۴×۷

۵×۷

۶×۷

۷×۷

۸×۷

۹×۷

۱۰×۷

۱۱×۷

۱۲×۷

۱۳×۷

۱۴×۷

۱۵×۷

# تیلیوں کا کھیل

مٹھو کے پاس کچھ تیلیاں ہیں۔

اس نے ان تیلیوں کو کچھ اس طرح سے لگایا



۱ بار ۵ = ۵

۲ بار ۵ = ۱۰

۳ بار ۵ = ۱۵


۴ بار ۵ = ۲۰

پھر اس نے گنتی کی کہ تمام تیلیاں ایک دوسرے کو کتنی بار کاٹتی ہیں۔

اس نے دیکھا کہ

۴ گُنا ۵ = ۵×۴ = ۲۰

چلیے ۲ کا پہاڑا بناتے ہیں:



۱ × ۲ = ۲

۲ × ۲ = ۴

۳ × ۲ = ۶

۴ × ۲ =

۵ × ۲ =

۶ × ۲ =

۷ × ۲ =

۸ × ۲ =

۹ × ۲ =

۱۰ × ۲ =




بچوں کو ۱۶ اور ۲۴ تیلیاں بھی دی جا سکتی ہیں انہیں ۱۶ تیلیوں کے لیے ۲×۸, ۸×۲, ۴×۴ جیسی سجاوٹ اور ۲۴ تیلیوں کے لیے ۱۲×۲, ۸×۳, ۶×۴, ۴×۶, ۳×۸, ۲×۱۲ جیسی سجاوٹ کرنے دیا جائے۔



اب ۶ کا پہاڑا بنانے کے لیے تیلیاں سجائیں:



## پہاڑوں کا استعمال خرید و فروخت میں کریں




ان چیزوں کی قیمتیں کیا ہوں گی؟


۴ ٹافیوں کی قیمت ______ روپے

(اشارہ = ۲×۴)




۳ پنسل کے ڈبوں کی قیمت ______ روپے

۱۰ پنسل کے ڈبوں کی قیمت ______ روپے




۹ غُباروں کی قیمت ______ روپے




۵ کھلونوں کی قیمت ______ روپے




۷ مکھوٹوں کی قیمت ______ روپے

## مشق کا وقت

### (الف) مندرجہ ذیل کو مکمل کیجیے

| | |
|---|---|
| ۳ × ۹ = ______ | ۲ × ۷ = ______ |
| ۵ × ۲ = ______ | ۴ × ۹ = ______ |
| ۳ × ۱۰ = ______ | ۵ × ۸ = ______ |
| ۲ × ۸ = ______ | ۱۰ × ۶ = ______ |
| ۱۰ × ۸ = ______ | ۵ × ۹ = ______ |

### (ب) پیٹرن کو دیکھیے اور ان کو مکمل کیجیے۔



۳, ۶, ۹, ______, ______, ______

۲, ۴, ۶, ______, ______, ______


۱۰, ۲۰, ۳۰, ______, ______, ______

۴, ۸, ۱۲, ______, ______, ______

۵, ۱۰, ۱۵, ______, ______, ______

۳۰, ۶۰, ۹۰, ______, ______, ______

(ج) ضرب کے درخت کو مکمل کیجیے



## (د) کل ملا کر کتنے؟




* ایک الماری میں ۴ خانے ہیں۔
اس کے ہر خانے میں ۵ کتابیں ہیں۔
الماری میں کل کتنی کتابیں ہیں؟
۵×۴ = ۲۰ کتابیں



* ایک قمیص میں ۵ بٹن ہیں۔
۳ قمیصوں میں کل کتنے بٹن ہوں گے۔



* یہ ۴ پنکھے ہیں۔ ہر پنکھے میں ۳ پنکھڑیاں ہیں۔
کل ملا کر کتنی پنکھڑیاں ہوں گی۔



* ایک ڈبے میں ۶ سیب ہیں۔ ۷ ڈبوں میں کل کتنے سیب ہوں گے؟



* ۴ مثلثوں کے کتنے کونے ہوں گے؟

## (ہ) جلدی بتائیے:

| | |
|---|---|
| ۵ × ___ = ۳۵ | ۸ × ۳ = ___ |
| ___ × ۶ = ۳۶ | ۳ × ___ = ___ |
| ۱۰ × ___ = ___ | ___ × ___ = ۴۲ |
| ___ × ۹ = ۳۶ | ۵ × ___ = ۴۰ |
| ___ × ۷ = ۲۸ | ___ × ___ = ۵۴ |



## ۱ کا پہاڑہ

ایک بار ایک ہے یا ۱ = ۱ × ۱

دو بار ایک ہے یا ۲ = ۲ × ۱

تین بار ایک ہے یا ___ = ۳ × ___

___ بار ایک ہے یا ___ = ___ × ___

___ بار ایک ہے یا ___ = ___ × ___

___ بار ایک ہے یا ___ = ___ × ___

___ بار ایک ہے یا ___ = ___ × ___

## بڑے اعداد کی ضرب


(الف) کلاس کے ہر بچے کو دو ٹافیاں دی گئیں۔ اگر کلاس میں ۳۴ بچے ہیں تو ان سبھی کو کل ملا کر کتنی ٹافیاں دی گئیں؟

کلاسوں میں کل حاضر بچے = ۳۴

ہر بچے کو ۲ ٹافیاں ملیں۔

تو دی گئی ٹافیوں کی کل تعداد ہے ۲ × ۳۴






بھارتی نے ایسے لکھا

| | ۳۰ | ۴ |
|---|---|---|
| ۲ | | |

پھر بھارتی نے ایسے لکھا


| | ۳۰ | ۴ |
|---|---|---|
| ۲ | ۲ × ۳۰<br>۶۰ | ۲ × ۴<br>۸ |

(ب) ایک دن پکنک پر ۲۳ بچے گئے وہاں ہر ایک کو ۴ پھل دیئے گئے۔ بتایئے کل کتنے پھل بانٹے گئے۔

پکنک پر گئے بچوں کی تعداد = ۲۳

ہر بچہ کو دیئے گئے پھلوں کی تعداد = ۴

پھلوں کی کل تعداد = ۴×۲۳




آیئے ہم بھی اسے بھارتی کے بتائے طریقے سے حل کریں۔

| | ۲۰ | ۳ |
|---|---|---|
| ۴ | ۲۰×۴<br>۸۰ | ۳×۴<br>۱۲ |

۸۰ اور ۱۲ کو جمع کرنے سے آتا ہے۔



$$\begin{array}{r} ۸۰ \\ +\ ۱۲ \\ \hline ۹۲ \end{array}$$

تو ۲۳ بار ۴ ہوا ۹۲۔

اس سبق میں کرائی گئی سرگرمیوں کو اس طرح تیار کیا گیا ہے کہ بچوں میں ضرب کی سمجھ کا تصور پیدا ہو سکے۔ بڑے اعداد کی ضرب کو سکھانے کا جو عام چلن ہے جو وہ شاید کارگر تو لگتا ہے لیکن اس کو پڑھا دینے سے بچوں کی آموزش میں حقیقتاً رکاوٹ پیدا ہو جاتی ہے۔ دو ہندسی اور تین ہندسی اعداد سے متعلق بچوں میں بڑھتے ہوئے شعور کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم نے یہ طریقہ اپنایا ہے۔ بچوں کو اس بات کا بڑھاوا دینا چاہئے کہ وہ سوالوں کے جوابات کا اندازہ لگا سکیں۔

## مشق کا وقت:

(الف) ضرب کیجیے۔

| | |
|---|---|
| ۴۳ × ۲ = | ۲۲ × ۳ = |
| ۲۴ × ۲ = | ۲۱ × ۴ = |
| ۳۰ × ۵ = | ۱۱ × ۵ = |
| ۲۳ × ۹ = | ۲۰ × ۴ = |
| ۳۸ × ۲ = | ۲۶ × ۴ = |
| ۲۴ × ۵ = | ۲۵ × ۳ = |
| ۴۸ × ۴ = | ۳۵ × ۳ = |
| ۵۸ × ۲ = | ۳۲ × ۵ = |




(ب) پہلے جواب کا اندازہ لگائیے پھر حل کیجیے۔

- پھولوں کے ایک گلدستے میں ۱۳ پھول ہیں۔ ہر پھول کی پانچ پیتاں ہیں۔ گلدستہ میں کل کتنی پیتاں ہیں؟




- ایک کتاب میں ۶۴ صفحے ہیں۔ ایسی ۸ کتابوں میں کل کتنے صفحات ہوں گے۔



- اسکول کے ترانے میں بچے قطاروں میں کھڑے ہیں۔ یہاں بچوں کی ۶ قطاریں ہیں۔ ہر قطار میں ۱۷ بچے ہیں۔ کل بچوں کی تعداد بتائیے۔


* کپڑے کے ایک ٹکڑے میں ۱۷ نمونے بنے ہیں۔ ہر نمونے میں ۳ پھول ہیں۔اس کپڑے میں کل کتنے پھول ہوں گے؟



## ۲۳ درجن میں کتنے ہوں گے؟

بہت ساری چیزوں کو درجن میں بیچا جاتا ہے جیسے چوڑیاں اور کیلے اکثر درجن میں بکتے ہیں۔

ایک درجن کیلے مطلب ہے ۱۲ کیلے




اس لئے ۲۳ درجن کیلوں میں ۱۲ × ۲۳ کیلے











بھارتی نے ایسے لکھا



اس کے بعد بھارتی نے کچھ ایسے لکھا۔

| | ۲۰ | ۳ |
|---|---|---|
| ۱۰ | ۲۰×۱۰<br>۲۰۰ | ۳×۱۰<br>۳۰ |
| ۳ | ۲۰×۲<br>۴۰ | ۳×۲<br>۶ |

پھر بھارتی ایسے لکھا

۲۰۰
۴۰
۳۰
+۶
۲۷۶







اس لئے ۲۳ درجن کیلوں کا مطلب ہے ۲۷۶ کیلے۔

اب ۱۳ × ۴۳ کو حل کرنے کی کوشش کریں۔

۴۳ ہوئے ۴۰ اور ۳

۱۳ ہوئے ۱۰ اور ۳




| | ۴۰ | ۳ |
|---|---|---|
| ۱۰ | ۴۰×۱۰<br>۴۰۰ | ۳×۱۰<br>۳۰ |
| ۳ | ۴۰×۳<br>۱۲۰ | ۳×۳<br>۹ |

اب دیکھئے خانوں میں کون سے اعداد لکھے ہیں؟

اب اعداد کو جمع کیجیے:

```
 ۴۰۰
 ۱۲۰
  ۳۰
+  ۹
-----
 ۵۵۹
```



اس لئے ۴۳ × ۱۳ = ۵۵۹

## مشق کا وقت

پہلے جواب کا اندازہ لگائیے پھر اسے ضرب کر کے دیکھئے کہ آپ کا اندازہ کتنا صحیح ہے۔

| | |
|---|---|
| ۴۲ × ۲۳ = ______ | ۷۳ × ۱۱ = ______ |
| ۵۱ × ۱۳ = ______ | ۵۴ × ۱۲ = ______ |
| ۲۵ × ۳۶ = ______ | ۱۲ × ۱۴ = ______ |

## ضرب کے نمونے

| | |
|---|---|
| ۹ × ۱ = ۹ | |
| ۹ × ۲ = ۱۸ | ۱ + ۸ = ۹ |
| ۹ × ۳ = ۲۷ | ۲ + ۷ = ۹ |
| ۹ × ۴ = ۳۶ | ۳ + ۶ = ۹ |
| ۹ × ۵ = ۴۵ | ۴ + ۵ = ۹ |
| ۹ × ___ = ______ | ______ + ___ = ______ |
| ۹ × ___ = ______ | ______ + ___ = ______ |
| ۹ × ۸ = ______ | ______ + ___ = ______ |

کیا آپ ۹ کے پہاڑے میں یہ پیٹرن پہچان پائے؟

پہاڑوں کے نمونوں کا جتنا زیادہ مشاہدہ کریں گے اتنی ہی عددی نظام کی سمجھ پیدا ہوگی۔

B۔ اعداد کو ضرب کر کے خاکہ کو مکمل کیجیے۔

| × | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ |
| ۲ | ۲ | ۴ | ۶ | ۸ | ۱۰ | ۱۲ | ۱۴ | ۱۶ | ۱۸ | ۲۰ |
| ۳ | ۳ | ۶ | ۹ | ۱۲ | ۱۵ | ۱۸ | ۲۱ | ۲۴ | ۲۷ | ۳۰ |
| ۴ | | | | | | | | | | |
| ۵ | | | | | | | | | | |
| ۶ | | | | | | | | | | |
| ۷ | | | | | | | | | | |
| ۸ | | | | | | | | | | |
| ۹ | | | | | | | | | | |
| ۱۰ | | | | | | | | | | |

اپنے خاکہ میں بنے کراس پر غور کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| | ۳ | |
| ۴ | ۶ | ۸ |
| | ۹ | |

اوپر سے نیچے تک کے اعداد کو جمع کیجیے۔

۳+۶+۹=۱۸

بائیں سے دائیں تک کے اعداد کو جمع کیجیے۔

۴+۶+۸=۱۸

ہر بار جوڑ برابر ہے۔

ایسے ہی اور دوسرے کراسوں کو ڈھونڈیے اور اعداد کو اپنی کاپی میں لکھیے۔


(ج) ❋ اوپر دیئے گئے اعداد میں ۱۰ – ۱ تک کے اعداد کو ایک رنگ سے رنگیے۔

❋ ۲۰ – ۱۲ تک کے اعداد کو دوسرے رنگ سے رنگیے۔

❋ اسی طرح ۳۰ – ۲۱ تک کے اعداد کو تیسرے رنگ سے رنگیے۔

کیا آپ کو رنگوں کا کوئی پیٹرن نظر آ رہا ہے۔






# ۱۰ پیٹرن سے کھیلنا

4311CH10


## ہمارے اطراف میں پیٹرن

ہم روز کئی طرح کے بہت سے پیٹرن دیکھتے ہیں۔


مثال کے طور پر۔



کانٹے دار تار




کھڑکی کی جالی




سانپ

اپنے چاروں طرف دیکھیے اور ایسی تین چیزوں کے نام لکھیے جن میں آپ کو کچھ پیٹرن نظر آتے ہوں۔

کچھ ایسے پیٹرن بنائیے جسے آپ اپنے چاروں طرف پاتے ہیں۔




انھوں نے بلاک کو بار بار استعمال کر کے یہ ڈیزائن بنائے ہیں۔ ایک دن مجھے ایک بلاک ملا اور میں نے ایک خوبصورت ڈیزائن بنا ڈالا۔




آپ ذرا غور سے دیکھیں گے تو پتہ چلے گا کہ یہ ڈیزائن ایک ہی بلاک کو الگ الگ طریقے سے استعمال کر کے بنائے گئے ہیں۔

جس طریقے سے ہر بلاک کو دہرایا گیا ہے کیا آپ اس میں کوئی پیٹرن دیکھ رہے ہیں؟


## تصویروں کے پیٹرن








## مشق کا وقت

- نیچے کچھ پیٹرن دیئے گئے ہیں۔

ہر پیٹرن کا اصول معلوم کیجیے اور پیٹرن کو پورا کیجیے۔

(۱)



(۲)

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ب | الف | الف | ب | الف | الف | | | |


(۳)



(۴)





(۵)




(۶) صبح، دوپہر، شام، رات، صبح ________.........

## بڑھتے ہوئے پیٹرن












کیا آپ اس میں کوئی اصول تلاش کر کے پیٹرن کو آگے بڑھا سکتے ہیں؟

انہیں بھی آگے بڑھایئے۔







## اپنے پیٹرن

- یہاں خالی جگہ دی گئی ہے اس میں آپ اپنے پیٹرن بنایئے۔

(۱)

(۲)

(۳)

(۴)

- اپنے دوستوں سے کہیے کہ وہ آپ کے بنائے ہوئے پیٹرن کو آگے بڑھائیں۔

# عددی پیٹرن

- ہم نے تصویروں سے کچھ پیٹرن بنائے ہیں۔ ہم اعداد سے پیٹرن بھی بنا سکتے ہیں۔ جیسے

......

اگلا عدد تو آپ کو پتہ ہے نا؟

یہ ایک بڑھتا ہوا پیٹرن ہے۔ یہ آگے اور آگے بڑھتا جائے گا۔

۲۱, ۴۱, ۶۱, ۸۱, ۱۰۱, . ۱۲۱, ۱۴۱, ۱۶۱,.....

(الف) اصول تلاش کرو اور ان بڑھتے ہوئے پیٹرن کو آگے بڑھاؤ۔

(۱) ۵۱, ۵۶, ۶۱, ۶۶, ____, ____.......

(۲) ۷,____ ۲۱, ۲۸, ۳۵, ____, ____.......

(۳) ۲, ۴, ۸, ۱۶, ۳۲, ____, ____, ____

(۴) (الف)۱۲, (ب)۱۳, (ج)۱۴, ____, ____

(ب) ان بڑھتے ہوئے پیٹرن کو دیکھیے۔ معلوم کیجیے کہ ہر عدد میں کیا جمع کریں کہ اگلا عدد حاصل ہو جائے؟

(۱) ۱, ۳, ۶, ۱۰, ____, ____, ____, ____

(۲) ۰, ۲, ۶, ۱۲, ____, ____, ____, ____

(۳) ۱, ۳, ۷, ۱۳, ____, ____, ____, ____

(۴) ۲, ۳, ۶, ۱۱, ۱۸, ____, ____, ____, ____

یہ سبق بچوں کو اپنے آس پاس پیٹرن ڈھونڈنے اور انہیں سمجھنے میں مدد کرتا ہے۔ ان کو دہرائے جانے والے بڑھتے ہوئے پیٹرن کی اور بھی مثالیں دی جا سکتی ہیں۔ انہیں 'خفیہ' یا ان اکائیوں کو پہچاننا ہے جن سے یہ پیٹرن بنے ہیں۔ خفیہ پیغام یا کوڈ بنانا بھی پیٹرن کی پہچان کرنے میں مدد کرتا ہے۔ جیسے جیسے بچوں کی الجبرے کی سمجھ میں اضافہ ہوتا ہے انہیں احساس ہوگا کہ لڑکا لڑکی کے اصول سے تیار ہونے والا پیٹرن AAB یا ↓↑↑ الگ نہیں ہے۔ کچھ دلچسپ اور اہم عددی پیٹرن بھی دیے گئے ہیں جن کا تعلق ریاضیاتی عملیات سے ہے۔